ہمارا پرچم

خالد نے اپنی کتاب کھولی۔ اس میں پاکستانی پرچم کی ایک تصویر تھی ۔ ایک فوجی اس پرچم کو سلامی دے رہا تھا۔ خالد نے سوچا یہ فوجی، پرچم کو سلامی کیوں دے رہا ہے ؟ وہ تھوڑی دیر سوچا ۔ پھر اپنے ابا کے پاس آیا اور ان سے کہا :

ابا جان ! یہ فوجی جھنڈے کو سلام کیوں کر رہا ہے ؟

ابا جان : بیٹا ! ہمارا پرچم پاکیستان کا نشان ہے ۔ پاکیستان کی عزت کا نشان ہے ۔ پرچم کو سلامی دینے والا دل میں عہد کرتا ہے کہ وہ پرچم کی ہمیشہ عزت کرے گا ۔ ضرورت پڑے تو اس کی حفاظت کے لیے اپنی جان بھی قربان کر دے گا ۔

خالد : ابا جان ! ہمارے پرچم کا رنگ سبز کیوں ہے ؟

ابا جان : بیٹہ ! سبز رنگ مسلمانوں کا نشان ہے ۔

خالد : ابا جان ! اس کا کچھ حصہ سفید بھی ہے ، یہ کیوں ؟

ابا جان : پاکیستان میں مسلمانوں کے ساتھ ساتھ ایسے لوگ بھی بستے ہیں جو مسلمان نہیں ۔ سفید رنگ ان کا نشان ہے ۔

خالد : ابا چان ! چھندے پر یہ چاند تارا کیوں ہے ؟

ابا جان : چاند تارا روشنی کا نشان ہے ۔ اللہ ہمارے ملک کو چاند تاروں کی طرح روشن اور ہمارے پرچم کو ہمیشہ اونچا رکھے ۔

خالد : آمین !